


# عقیدۂ توسّل -- ہرگز توحید کے منافی نہیں ہے

کسی شخص یا چیز سے مدد لینا اس شخص یا چیز کی پرستش اور بندگی کے مترادف نہیں ہے؛ اس دنیا کا نظام اس حقیقت پر استوار ہے کہ اشیاء ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتی ہیں [اور ایک دوسرے سے اثر لیتی ہیں]۔ اور البتہ تمام اشیاء کی تاثیر (اثر گذاری) خداوند سے وابستہ ہے اور کوئی بھی چیز اثر مرتب کرنے میں خدا سے مستقل نہیں ہے۔

جیسا کہ مادی وسائل و اسباب اور اوزاروں سے فائدہ لینا اور انسانوں سے مدد لینا شرک کے زمرے میں نہیں آتا کیونکہ ہمارا عقیدہ نہیں ہے کہ یہ اشیاء اور انسان فائدہ پہنچانے یا فائدہ دینے میں مستقل اور خودمختار ہیں؛ چنانچہ غیر مادی اشیاء سے استفادہ کرنا اور ان سے مدد لینا۔ اگر ان کو خدا سے مستقل حیثیت دینے کے معنی میں نہ ہو تو۔ شرک کا لازمہ نہیں ہے۔ توحیدی تفکر کا لازمہ یہ ہے کہ انسان اسباب اور وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے ان کے مبداء اور منشاء پر یقین رکھے اور اس کو یقین ہو کہ وہ سب اپنی تاثیر میں پروردگار سے وابستہ ہیں۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim




## حاجت طلبی کیلئے حضرت ابوالفضل العباسؑ سے توسّل پر امامِ زمانہؑ کی تاکید

حجۃ الاسلام والمسلمین آقائے سید محمد تقی حشمت الواعظین قمی (شاگرد آیت اللہ مرعشی نجفی) فرماتے ہیں کہ ایک بار خود آیت اللہ شہاب الدین مرعشی نجفیؒ نے بیان کیا کہ

نجف اشرف کے ایک عالم دین قم مقدّسہ تشریف لائے، انھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ میری ایک حاجت تھی، میں مسجد جمکران گیا اور امامِ زمانہؑ کے محضر میں سارا دردِ دل بیان کر دیا، کئی بار جمکران جاتا رہا لیکن حاجت پوری نہ ہوئی۔ ایک دن نماز کے وقت شکستہ دل کے ساتھ امام زمانہؑ کو پکارا کہ مولا امامِ زمانہؑ کیا یہ صحیح ہے کہ میں آپکے محضر میں آپکے گھر آکر کسی اور سے متوسّل ہوں، آپ امامِ وقت ہیں یہ کس قدر معیوب بات ہوگی کہ امامِ زمانہؑ کے ہوتے ہوئے مثلاً میں قمر بنی ہاشم حضرت عباسؑ سے توسّل اختیار کروں ؟؟




اچانک میں نے چہرہ انور قطبِ عالمِ امکان حضرت حجّت ابن الحسن العسکریؑ کی زیارت کی اور بغیرِ تامل کے حضرت حجّتؑ سے یہی سوال پوچھ لیا۔ حضرت حجّتؑ نے بہت محبّت سے جواب دیا کہ نہ صرف یہ کہ یہ توسّل غلط نہیں ہے اور نہ ہی میں ناراض ہوں گا بلکہ میں تمہاری رہنمائی کرتاہوں کہ جب بھی حضرتِ ابوالفضلؑ سے حاجت طلب کرنی ہو یہ کہا کرو کہ : **یا ابا الغوث ادرکنی (اے ابا الغوث میری مدد کیجئے)**




بحوالہ۔۔کتاب۔۔کرامات العباسیہ علیہ السلام معجزات ابالفضل العباس علیہ السلام بعداز شہادت، مولف علی میر خلف زادہ

کتاب: پرسش های علما و مردم و پاسخ های امام زمان (عج)

کتاب توجهات ولی عصر علیه السلام به علما و مراجع تقلید۔ صفحہ 16 ، مولف آقائے عبدالرحمن باقرزادہ بابلی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim






# درود اور یاعباسؑ یاعباسؑ کا ورد دعاؤں کو قبول کروا دیتا ھے

## آیت اللہ الشیخ مهدي المازندراني

آیت اللہ الشیخ مہدی المازندرانی فرماتے تھے کہ جس کو کوئی حاجت ہو اور مشکل حل کروانی ہو وہ اللہ سے حضرت عباسؑ کے نام سے توسّل کرے اور اسکی اس وقت تک تکرار کرے جب تک حاجت پوری نہ ہو اور وہ مشکل حل نہ ہو جائے ۔ جلد ہی اسکی مشکل حل ہو جائے گی ۔ اس کا طریقہ یہ ہے :

**133 بار محمد و آلِ محمد پر درود بھیجے**

**133 بار کہے --- یا عباسؑ ، یا عباسؑ**

**133 بار محمد و آلِ محمد پر درود بھیجے**

کتاب الخصائص العبّاسیّۃ میں حضرت آیت اللہ شیخ محمد ابراھیم کلباسی نجفی

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

یا ابا الفضل العباس

یا باب الحوائج

یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین اکشف کربی بحق اخیک الحسین

# گھر میں اختلافات و جھگڑے دور کرنے کے لئے یا کاشف الکرب ۔۔۔ کے ذکر سے حضرت عباسؑ سے توسّل










آیت اللہ سید نور الدین میلانی فرماتے ہیں کہ کربلا کے بزرگ مجتہدین میں آیت اللہ سید محمد رضا بروجردی تھے جو کربلا سے مشہد منتقل ہوگئے تھے وہ فرماتے تھے کہ اپنے گھر والوں کے ساتھ بہترین تعلقات اور حسن معاشرت اور باہمی اختلافات دور کرنے کے لئے حضرت عباسؑ سے توسّل کرتے ہوئے اس ذکر کو 133 بار پڑھا جائے تو بہترین نتائج نکلتے ہیں ۔ اختلافات و جھگڑے ختم ہو جاتے ہیں اور گھر والوں سے تعلقات و روابط بہت مضبوط ہوجاتے ہیں اور وہ ذکر یہ ہے :

**یاکاشِفَ الکَربِ عَنْ وَجهِ الحُسَینِ**

**اِکشِفْ کَربی بِحَقِّ اَخیکَ الحُسَینِ (ع)**


(اے حسینؑ کی پریشانی دور کرنے والے عباسؑ، آپکو آپکے بھائی حسینؑ کا واسطہ میری پریشانی دور کیجیے)

کرامات العباسیّہ «معجزات حضرت ابالفضل العباس بعد از شہادت»

تالیف حجّت الاسلام سیّد علی میر خلف زادہ

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم




# مشکلات کے حَل کیلئے حضرت اُمّ البنینؑ سے متوسّل ہونے کا ایک مجرّب طریقہ

حجۃ الاسلام حاج شیخ علی ربانی خلخالی بعض علماء کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ

اگر کوئی مومن حاجات کی قبولیت کیلئے حضرت امّ البنینؑ سے متوسّل ہو کر کہے کہ

اے مادرِ حضرت ابوالفضل العباسؑ آپکا مقام اللہ کے نزدیک بہت بلند ہے، میں ایک مکمل قرآن تلاوت کر کے آپکی روح مقدّس مقدّس کو ھدیہ کروں گا، آپؑ میری اس مشکل کو حل کروا دیں، تو دیکھا گیا ہے کہ ابھی قرآن ختم نہیں ہونے پاتا کہ وہ مشکل حل ہو جاتی ہے۔۔

ام البنین، النجم الساطع فی مدینه النبی الامین
مؤلف: علی ربانی خلخالی
مترجم: السید علی الحسینی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim




# لاعلاج امراض کیلئے حضرت عباسؑ وحضرت اُمّ البنینؑ سے توسّل

آیت اللہ آقای شیخ احمد صابری ہمدانی، مرحوم آیت اللہ شیخ ملا علی معصومی ہمدانیؒ جو آخوند کے نام سے معروف تھے، نقل کرتے ہیں کہ

ایک مومنہ زہرا خانم بے اولاد تھی، اس کو ایک دوسری مومنہ نے کہا کہ تم نذر کرو کہ اگر میرے ھاں بیٹے کی ولادت ہوئی تو اسکا نام ابوالفضل رکھوں گی، کچھ عرصے بعد اسکے یہاں بیٹے کی ولادت ہو گئی، بچے کا نام ابوالفضل رکھا گیا جب یہ بچہ پندرہ سال کا ہوا تو اتنا شدید بیمار پڑا کہ اسکی صحتیابی سے مایوسی ہونے لگی، اس جوان کی ماں زہرا خانم نے شدت سے حضرت عباسؑ سے توسّل کیا۔


زہرا خانم کو اُسی عورت نے کہا کہ تم پریشان نہ ہو یہ جوان صحتیاب ہوجائے گا میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ کچھ عورتیں تمہارے گھر میں داخل ہوئی ہیں جن میں مادر حضرت عباسؑ، حضرت امّ البنینؑ بھی ہیں، وہ کہ رہی ہیں کہ میں اس نوجوان کو شفا دینے جا رہی ہوں۔

اور اگلے ہی دن وہ نوجوان حضرت عباسؑ اور حضرت ام البنینؑ کے توسّل سے صحتیاب ہوچکا تھا۔

ستارہ درخشان مدینہ، حاج شیخ علی ربانی خلخالی

چہرہ درخشان قمر بنی ہاشم ابوالفضل العباسؑ

ج 1 ص 216



آیت اللہ علی معصومی ہمدانی



آیت اللہ احمد صابری ہمدانی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

یا باب الحوائج

یا اباالفضل العباسؑ

# گمشدہ کی بازیابی کیلئے
# حضرت امّ البنینؑ سے توسّل

کتاب ستارہ درخشاں مدینہ میں حجۃ الاسلام حاج شیخ علی ربانی خلخالی لکھتے ہیں کہ

مومنین میں یہ بات مشہور ہے اور تجربہ شدہ ہے کہ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو اسکی بازیابی کے لئے ایک بار سورہ فاتحہ اور درود پڑھ کر حضرت ام البنینؑ کو ھدیہ کیا جائے تو وہ گمشدہ چیز مل جاتی ہے۔۔

ام البنین نماد از خود گذشتگی، ص34، محمد رضا عبدالامیر انصاری
ستارہ درخشاں مدینہ --- حجۃ الاسلام حاج شیخ علی ربانی خلخالی

یا اُم البنینؑ




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim





+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

باب الحوائج یا اباالفضل العباس


## دعائے توسّل سے متعلق آیت اللہ سیّد محمد صادق الروحانی سے ایک استفتاء




سوال: دعائے توسّل کس معصومؑ سے منسوب ہے؟

جواب: علامہ مجلسیؒ بحار الانوار میں فرماتے ہیں:
اس دعا کو محمد بن بابویہؒ نے ائمہ اطہار علیہم السلام سے نقل فرمایا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ میں کسی حاجت کیلئے اس دعا کو نہیں پڑھا مگر یہ کہ فورا اپنی حاجت کو پورا ہوتا ہوا پایا۔ علامہ شیخ آقا بزرگ تہرانی اپنی کتاب الذریعہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ یہ مختصر دعا اپنے الفاظ کے ساتھ ہمارے قدیم علماء کی دو کتابوں میں نقل ہوئی ہے جو کہ امام علی علیہ السلام سے منسوب ہے اور جس کے بارے میں امام علیہ السلام نے اپنے ہم راز کمیلؓ بن زیاد نخعی کو اجمالا وصیت فرمائی۔۔

دعائے توسّل



بحوالہ کتاب الف فتوی وسوال فی التقلید و العقائد
سوال 619, آیت اللہ سیّد محمد صادق الروحانی

٦١٠ ـ لمن يُنسب دعاء التوسّل ؟

■ قال العلاّمة المجلسي (قدس سره) في موسوعته بحار الأنوار[٢٩٨] : « هذا الدعاء رواه محمّد بن بابويه (رحمه الله) عن الأئمّة (عليهم السلام) ، وقال : ما دعوت في أمر إلاّ رأيت سرعة الإجابة » ، وقال العلاّمة الشيخ آغا بزرك الطهراني (قدس سره) في كتابه الذريعة[٢٩٩] : « هذا الدعاء المختصر مرويّ بألفاظه في كتابين قديمين من كتب الأصحاب ، منسوب إلى أمير المؤمنين (عليه السلام) ، وأنّه أوصى به صاحب سرّه كميل بن زياد النخعي على نحو الإجمال » .

اللهم اجعلني عندك وجيها بالحسين عليه السلام في الدنيا والآخرة

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# یا ابا الفضل العباس
# یا باب الحوائج

## یا کاشف الکرب والی دعا میں حضرت عباسؑ سے درخواست کرنا شرک نہیں ہے



آیت اللہ حافظ شیخ بشیر نجفی سے سوال و جواب

یاکاشف الکرب عن وجہ الحسین اکشف کربی بحق اخیک الحسینؑ

سوال: اسی طرح ہم ایک جملہ حضرت عباسؑ کے لئے استعمال کرتے ہیں کہ
یاکاشِفَ الکُربِ عَنْ وَجہِ الحُسَینِ اِکشِفْ کَربی بِحَقِّ اَخیکَ الحُسَینِ
(اے حسینؑ کی پریشانی دور کرنے والے عباسؑ، آپکو آپکے بھائی حسینؑ کا واسطہ میری پریشانی دور کیجئے) کیا یہ بھی صحیح ہے؟

جواب: بالکل ہم یہ کہہ سکتے ہیں کیونکہ حضرت عباسؑ نے امام حسینؑ کی اپنی تلوار سے پریشانی دور کی اور آپ ہماری پریشانی کو شفاعت کے ذریعے دور کریں گے لیکن یہ ذہن میں رہے کہ ہم ان کو خدا کے مقابلے میں لا کر ان سے مدد نہیں مانگ رہے بلکہ ان کے توسّط سے ہی اللہ تعالیٰ سے مدد مانگ رہے ہیں۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
m/madrasatulqaaim

# یا اباالفضل العباس
# باب الحوائج

## حضرت عباس سے مدد کی درخواست جائز ھے اور شرک نہیں ھے

استفتاء آیت اللہ سیّد علی خامنہ ای

July 2018 19

ت کے جوابات



نام: ف، :

موضوع: گناہ

استفتاء نمبر: 3bl5js5zkSs

بسم الله الرحمن الرحیم

سلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

کوئی حرج نہیں ہے اور شرک شمار نہیں ہوتا ہے۔

کامیاب و کامراں رہیں

سلام
کیا یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین اکشف کربی بحق اخیک الحسین (ع)» کہنا جائز ہے؟
اسکو شرک کہہ سکتے ہیں؟

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+92333
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# یا باب الحوائج یا ابا الفضل العباس

## یا کاشِفَ الکرب عن وجہ الحسین اکشف کربی بحقِ اخیک الحسین




دعا -- یاکاشف الکرب عن وجہ الحسین اکشف کربی بحق اخیک الحسین


سے حضرت عباسؑ سے توسّل اور ان کی مدد

آیت اللہ سید کاظم مصطفوی نے حضرت عباسؑ کی ولادت کے روز اپنے درسِ خارج میں فرمایا کہ

اگر حضرت ابوالفضل العباسؑ سے 133 بار ان الفاظ سے توسّل کیا جائے کہ

یاکاشف الکرب عن وجہ الحسین اکشف کربی بحق اخیک الحسین

تو بہت زیادہ دیکھا گیا ہے کہ حضرت ابوالفضلؑ مدد کرتے ہیں--



درس خارج فقہ آیت اللہ سید کاظم مصطفوی، 94/03/02، سالروز ولادت حضرت عباس علیہ السلام

موضوع: ذہاب ثلثین قطرہ عصیر در لباس

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim




## --- حضرت عباسؑ ---

## یاکاشف الکرب عن وجہ الحسین، اکشف کروبنا بحق اخیک الحسین

آیت اللہ شیخ یوسف صانعی نے دس محرم سنہ 1422 ہجری کی مجلس میں مصائب پڑھتے ہوئے فرمایا «لا الہ الا اللہ» عباسؑ ایسے شخص کے جب تک آپ زندہ تھے اہل بیت علیہم السلام کے دلوں کو سکون تھا۔ اے میرے مولا! آپ کو دیکھ کر امام حسین علیہ السلام کے سب غم دور ہو جاتے تھے۔

«یاکاشف الکرب عن وجہ الحسین، اکشف کروبنا بحق اخیک الحسین».

اے جوانو! اے علما اور اے دانشورو! جانتے ہو کہ اس کمینہ نے قمر بنی ہاشمؑ سے کیا کہا تھا۔؟ (اس نے کہا تھا) اے ابوالفضلؑ! آپ کے تو ہاتھ نہیں ہیں لیکن میرے ہاتھ تو ہیں۔ پھر کسی بھاری چیز سے حضرت قمر بنی ہاشمؑ کے سر پر وار کیا ... اور حضرت عباسؑ گھوڑے کی زین سے زمین پر تشریف لے آئے ----------

آفیشل ویب سائٹ آیت اللہ شیخ یوسف صانعی

http://saanei.org/index.php?view=04,01,01,3,40

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim







# علماء کی ۔۔ یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین ۔۔ 133 بار پڑھنے کی تجویز

کتاب چہرہ درخشان قمر بنی ہاشم ابوالفضل العباسؑ جس کی پانچ جلدیں ہیں اس کتاب میں آقائے شیخ علی ربانی خلخالی نے حضرت عباسؑ سے مدد و توسّل کیلئے اس ذکر کو 133 بار پڑھنے سے امراض سے شفا و پریشانیوں میں مدد ملنے کے بہت سے واقعات علماء و صالحین تحریر کئے ہیں۔ وہ ذکرِ توسّل یہ ہے:

**یاکاشفَ الکَرْبِ عنْ وَجهِ الحُسَین اِکْشِفْ کَرْبی بِحَقِّ أخیکَ الحُسَین**

اے حسینؑ کی پریشانی دور کرنے والے عباسؑ، آپکو آپکے بھائی حسینؑ کا واسطہ میری پریشانی دور کیجئے۔۔

کتاب چهره درخشان قمر بنی هاشم ابو الفضل العباس علیه السلام
تالیف حجة الاسلام شیخ علی ربانی خلخالی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# اولیاء اللہ سے مدد کی درخواست شرک نہیں ہے

## آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پایگاه اطلاع رسانی دفتر حضرت آیة الله العظمی مکارم شیرازی

مرکز پاسخگویی به سوالات

**اندراج نمبر : ur9809030066**

**سوال :** سلام علیکم ۔ کیا اس ذکر کو پڑھنا جائز ہے جبکہ پڑھنے والا ان کو اللہ کے مقابلے پر نہیں بلکہ اللہ کا برگزیدہ بندہ اور ولی اللہ سمجھ کر درخواست پیش کر رہا ہے اور وہ ذکر یہ ہے یا کاشف الکرب عن وجه الحسین، اکشف کربی بحق مولاک الحسین



**جواب :** سلام و تحیت کے ساتھ ؛

کوئی حرج نہیں ہے

ہمیشہ کامیاب و کامران

دفتر آیت اللہ العظمی مکارم شیرازی:
www.makarem.ir

**From:** pasokh@makaremshirazi.com
**Sent:** Tuesday, November 26, 2019 2:59 AM

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# یا باب الحوائج
# یا ابا الفضل العباس

## یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین (ع)

آیت اللہ شیخ محمد حسین اصفہانی کمپانیؒ کا تعلیم کردہ صحیح ذکر یا کاشف الکرب ۔۔


کتاب : کرامات العباسیّہ «معجزات حضرت ابالفضل العباس بعد از شہادت» میں مولف آقائے علی میر خلف زادہ نے حضرت عباسؑ سے توسّل و مدد کے لئے 133 بار اس ذکر یاکاشِفَ الکَرْبِ عَنْ وَجہِ الْحُسَینِ اِکْشِفْ کَرْبی بِحَقِّ اَخیکَ الْحُسَیْنِ کو تحریر کیا ہے۔


اور لکھا ہے کہ مرحوم آیت اللہ شیخ محمد حسین اصفہانی (معروف بہ کمپانیؒ) فرماتے تھے کہ صحیح ذکر اس طرح ہے :


**یاکاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَجہِ الْحُسَینِ اِکْشِفْ کَرْبی بِحَقِّ اَخیکَ الْحُسَیْنِ (ع)**

کرامات العباسیّہ «معجزات حضرت ابالفضل العباس بعد از شہادت»
حجه الاسلام والمسلمین شیخ علی میرخلف زاده


(آیت اللہ کمپانی)




آقائے میر خلف زادہ




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# یا باب الحوائج یا ابا الفضل العباس

## ذکر یا کاشف الکرب ۔۔۔ کے ذریعہ حضرت حرؑ ابن یزید الرّیاحی سے توسّل و مدد




آیت اللہ شیخ حسین مظاہری نے اپنے درس ۔۔ توسّل بہ اہل بیتؑ، مانع سقوط انسان۔۔ کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ بات تجربہ سے ثابت شدہ ہے کہ حضرت ابالفضل «علیہ السّلام» اور حضرت حرّبن یزید ریاحی سے توسّل کا بہت اثر ہے۔

خدا رحمت کرے مشہد مقدس کے ایک اہل دل عالم نے اپنی زندگی میں مجھ سے فرمایا تھا کہ جب میں نجف میں طالبِ علم تھا شدید بخار میں مبتلا ہوا کہ حرکت تک نہ کر سکتا تھا، میرے دوست مجھے کربلا لا کر حرم حضرت حرّؑ میں چند گھنٹوں کے لئے چھوڑ گئے ۔میں دیکھا کہ عرب کی ایک دیہاتی عورت اپنے مفلوج بچے کو لائی اور ضریح کے کنارے اسے لٹا کر ضریح کو تھام کر کہنے لگی :

**یاکاشف الکرب عن وجہ الحسین، اکشف کربی بحق مولاک الحسین**

**اے حسینؑ کی پریشانی دور کرنے والے حرّؑ، آپکو آپکے مولا امام حسینؑ کا واسطہ میرے بچے کو شفا عطا کریں۔**

اس عورت نے جب تیسری بار اس ذکر کو پڑھا، اچانک وہ فالج زدہ بچّہ « ماں ماں » کہہ کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے دیکھا کہ ماں کو بچے کی شفا یابی پر ذرہ برابر تعجّب نہ ہوا گویا وہ جانتی تھی کہ حضرت عباسؑ، حضرت حرّؑ اور دیگر شہدا، امام حسینؑ کی طرح اسے شفا بخش سکتے ہیں کیونکہ امامِ حسینؑ اور یہ ہستیاں خداوند تعالی سے متّصل ہیں۔



وہ عالمِ دین فرماتے تھے کہ اس بچّہ کی شفایابی کو دیکھ کر میں نے بھی اس ذکر کو اسی عورت کی مانند پڑھا اور تیسری بار پڑھتے ہی طبعیت میں افاقہ ہونا شروع ہوگیا اور پاؤں میں حرکت پیدا ہو گئ۔

آیت اللہ حسین مظاہری اس واقعہ کو بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ شہداء سے توسّل اسی طرح اثر دکھاتا ہے۔

درس توسّل بہ اہل بیت «سلام اللہ علیہم»، مانع سقوط انسان، آیت اللہ شیخ حسین مظاہری

http://www.almazaheri.org/farsi/Index.aspx?ID=735&CategoryNum=17&TabID=0006


MADRASA-TUL-QAAIM

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

یا باب الحوائج

یا ابا صالح یا ابا الفضل العباس






یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین (ع)

السید ابا الفضل العباس علیک السلام

## نماز و تسبیح زہراؑ اور ذکر یا کاشف الکرب ---
## کے ذریعہ حضرت عباسؑ سے توسّل

آیت اللہ سید عبدالکریم کشمیریؒ فرماتے تھے کہ

دو رکعت نماز حاجت پڑھنے کے بعد اسکا ثواب حضرت عباسؑ کو ہدیہ کیا جائے ، پھر تسبیح حضرت فاطمۃ الزہراؑ پڑھ کر اس کا ثواب بھی حضرت عباسؑ کا ہدیہ کرنے کے بعد 133 بار اس ذکر کو پڑھا جائے تو ان شاء اللہ بہت جلد حاجت قبول ہوجاتی ہے ۔ وہ ذکر یہ ہے :

**یاکاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَیْنِ اِکْشِفْ کَرْبی بِحَقِّ اَخیکَ الْحُسَیْنِ**

(اے حسینؑ کی پریشانی دور کرنے والے عباسؑ، آپکو آپکے بھائی حسینؑ کا واسطہ میری پریشانی دور کیجئے)

منبع: روح و ریحان و صحبت جانان: گذری بر اندیشه های عرفانی و شیوه های سلوکی حضرت آیه الحق سید عبدالکریم کشمیری ص 103, مولف حجة الاسلام و المسلمین آقائے سیّد علی اکبر صداقت


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# یا باب الحوائج
# یا اباالفضل العباس

## یا کاشف الکرب عن وجہ الحسین (ع)




## ذکر یا کاشف الکرب ۔۔۔ کے ذریعے حضرت عباسؑ سے توسّل کیجئے ۔۔۔ آیت اللہ حسن زادہ آملی



آیت اللہ حسن زادہ آملی نے کتاب ہزار و یک کلمہ میں لکھا ہے کہ ہر پریشانی میں امامِ حسین (علیہ السلام) کے پرچم دار حضرت ابوالفضل العباس (علیہ السلام) سے توسّل کے لئے ان کے نام کے حروف کے اعداد کے برابر 133 مرتبہ اس ذکر کو پڑھا جائے:




**یا کاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَیْنِ**

**اِکْشِفْ کَرْبی بِحَقِّ اَخیکَ الْحُسَیْنِ**

(بحوالہ کتاب ہزار و یک کلمہ، آیت اللہ حسن زادہ آملی کلمہ 873)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim








## ذکر یاکاشف الکرب -- کے ذریعے حضرت عباسؑ سے توسّل بہت مجرّب ھے

## (آیت الله شیخ محمد ابراهیم کلباسی نجفی)

کتاب الخصائص العبّاسیّة میں حضرت آیت اللہ شیخ محمد ابراہیم کلباسی نجفی لکھتے ہیں کہ

حاجات کو آسانی سے پورا کروانے کیلیئے، کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلیئے حضرت عباسؑ کے نام کے اعداد کے مطابق 133 مرتبہ حضرت عباسؑ کو مخاطب کرکے یہ کہنا بہت مجرّب ہے کہ :




**یاکاشف الکرب عن وجه الحسین علیه السلام**

**اکشف کربي بحقّ أخیک الحسین علیه السلام**

(اے حسینؑ کی پریشانی دور کرنے والے عباسؑ، آپکو آپکے بھائی حسینؑ کا واسطہ میری پریشانی دور کیجئے )

کتاب الخصائص العبّاسیّة میں حضرت آیت اللہ شیخ محمد ابراہیم کلباسی نجفی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim




## اس ذکر یاکاشف الکرب ۔۔ کی برکت سے بیشمار افراد اپنی حاجات کو پاچکے ھیں ۔۔۔۔۔۔ آیت اللہ شیخ صالح کمیلی خراسانی

آیت اللہ شیخ کمیلی خراسانی نے اپنے درسِ تفسیر میں ارشاد فرمایا کہ

امام سجادؑ نے اپنے چچا عباسؑ کے لئے فرمایا تھا کہ چچا عباسؑ کا خداوند عالم کے ہاں ایسا عظیم مقام ہے جس پر تمام شہید روز قیامت رشک کریں گے۔ اور وہ اپنے کٹے ہوئے دونوں بازؤں کے بدلے اللہ نے انہیں دو پر عطا کئے ہیں کہ جن کے ذریعے جنت میں فرشتوں کے ساتھ پرواز کرتے ہیں۔

ایک ذکر جو عباسؑ کے حروف کے اعداد کے برابر ہے۔ کتنے ہی افراد اس ذکر شریف کی برکت سے اپنی حاجات کو پا گئے:

**یاکاشف الکرب عن وجہ اخیہ الحسین اکشف کربی بحق اخیک الحسین**

اے کاشف الکرب، عباسؑ آپ نے نہ صرف کربلا میں بلکہ ہمیشہ اپنے بھائی حسینؑ سے ہمّ وغم کو دور کیا ہے

**«یاکاشف الکرب عن وجہ اخیک الحسین»**

بیانات استاد معظم و مکرم حضرت آیت اللہ کمیلی خراسانی حفظہ اللہ در خصوص تفسیر بخش هایی از زیارتنامه حضرت اباالفضل العباس علیه السلام

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


komeily.com/بیانات-آیت-اللہ-کمیلی-حضرت-ابالفضل/

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim




# شدید پیاس میں لقب حضرت عباسؑ سے مدد لیجئے
## آیت اللہ الشیخ مهدي المازندراني

آیت اللہ الشیخ مہدی المازندرانی فرماتے تھے کہ اگر کوئی شخص کسی صحرا یا ایسی جگہ جہاں پانی نہ ملے اور پیاس سے شدید ضرر یا ہلاکت کے قریب پہنچ جائے تو اسے چاہئے کہ وہ اللہ سے حضرت عباسؑ کے ذریعہ توسّل کرے اور کہے : **یا أبا القِربة** ... ( اے مشک کے باپ ) تو باذن اللہ اس کی پیاس بجھ جائے گی ... ( قربہ ، پانی کی مشک کو کہا جاتا ہے اور حضرت عباسؑ کے القاب میں سے ایک ابو القربہ بھی ہے )




بحوالہ کتاب الخصائص العبّاسیّة ...
حضرت آیت اللہ شیخ محمد ابراهیم کلباسی نجفی


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim







+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

باب الحوائج یا ابا الفضل العباس

## ہر قسم کے جسمانی درد سے نجات کیلئے




شیخ ابراہیم کفعمیؒ فرماتے تھے کہ

**ہر قسم کے جسمانی درد سے نجات کے لئے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے توسّل بہت مجرّب ہے۔**

یعنی دعا کرے کہ اللہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے وسیلے سے اس درد سے نجات دے۔

(بحوالہ کتاب کلیات ذکرھا و ختومات۔ محمد جواد شعبانی مفرد)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


یا اباالفضل العباس

یا باب الحوائج

# نجات اور توسّل کا اہم ترین ذریعہ



آیت اللہ العظمیٰ
سیّد عبد الاعلیٰ سبزواری کا فتویٰ



بسم تعالیٰ

نجات کے اہم ترین ذرائع
اور اسبابِ توسّل میں سے مراسمِ عزا کی ترویج
اُن کی تعظیم اور دوام ہے
کیونکہ یہ مراسمِ عزا شعائر اللہ میں سے ہے۔


(بحوالہ: عزاداری از دیدگاہِ مرجعیّتِ شیعہ۔ آقائے علی ربانی خلخالی۔ صفحہ 86)


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

یا باب الحوائج
یا ابا الفضل العبّاس




# دُعاؤں میں
# حضرت فاطمہ زہراؑ سے توسّل

آیت اللہ سیّد رضا بہاالدینیؒ
کتاب نردبانِ آسمان صفحہ 45 پر فرماتے ہیں کہ

ہم تو یہ جانتے ہیں کہ جس درخواست پر
جنابِ سیّدہؑ دستخط فرمادیں
تو اُس پر گویا رسولِؐ خدا اور دیگر آئمہ معصومینؑ کے بھی
دستخط ہوگئے (یعنی وہ دُعا قبول ہوگئی)
اور یہ ایسی بات ہے جس میں کوئی کلام نہیں ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim








+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

## معصومینؑ سے توسّل و مدد مانگنے پر
## آیت اللہ سیستانی کا فتوی



**سوال :** کیا معصومینؑ سے براہ راست مدد مانگ سکتے ہیں جبکہ یہ عقیدہ ہو کہ انھیں یہ قدرت اللہ ہی نے عطا کی ہے۔؟

**جواب:** بسمہ تعالیٰ

جیسا کہ ہمارا عقیدہ ہے کہ یہ ولی خدا ہیں اور خدا سے جداگانہ کچھ بھی انجام نہیں دیتے اگر اس عقیدے سے ہو تو ہر طرح کا توسّل جائز ہے۔۔ خدا آپ کی توفیقات میں اضافہ فرمائے

www.sistani.org urdu@alsistani.org

مرجع عالی قدر آقای سید علی سیستانی کا دفتر - شرعی سوالات کا سیکشن

سوال: از معصومین علیهم السلام مستقیما کمک خواستن جایز است با اینکه اعتقاد این است که خدا این قدرت را به آنها داده است۔؟

جواب: از آنجایی که ما معتقدیم ایشان ولي خدا است و به استقلال نمی تواند کاری انجام دهد با این اعتقاد به هر نحو توسل کردن جایز است.

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


باب الحوائج یا ابا الفضل العباس

## علامہ سیّد موسیٰ زر آبادی کا حضرت علی اصغرؑ سے توسّل

عبد اللہ الرضیع

علامہ موسیٰ زر آبادی کے توسّل کے طریقوں میں سے حضرت علی اصغرؑ سے متوسّل ہونا تھا۔ وہ اِس طرح کہ وضو کے بعد تھوڑا استغفار اور دو رکعت نمازِ توسّل حضرت علی اصغرؑ پڑھتے اور نماز مکمل کرنے کے بعد 500 مرتبہ پورے خلوصِ قلب سے درود پڑھتے اور حضرت علی اصغرؑ کو ہدیہ کر دیتے تھے۔

کہتے ہیں کہ سیّد موسیٰ زر آبادی کے اس توسّل کے ذریعے بہت سے کام انجام پا جاتے تھے۔۔(بارانِ معرفت ص119)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

یا ابا الفضل العباس
باب الحوائج

## نعرۂ رسالت سے
## شفایابی کا حصول

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امام بخاری فرماتے ہیں کہ

حضرت عبد الرحمٰن بن سعد بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت عبد اللہ بن عمر کے ساتھ تھے کہ ان کا پاؤں سُن ہوگیا، تومیں نے ان سے عرض کیا:

اے ابو عبد الرحمٰن! آپ کے پاؤں کو کیا ہوا ہے؟

توانھوں نے فرمایا: یہاں سے میرے پٹھے کھینچ گئے ہیں تو میں نے عرض کیا: تمام لوگوں میں سے جو ہستی آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہو اسے یاد کریں،

تو انھوں نے یا محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا نعرہ بلند کیا

(راوی بیان کرتے ہیں کہ) اسی وقت ان کے اعصاب کھل گئے (اور وہ شفایاب ہوگئے)۔۔

(بحوالہ کتاب: الأدب المفرد، المؤلف: محمد بن إسماعيل البخاري أبو عبدالله)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim